© rasailojaraid.com



## الوضاحۃ بالقرآن فی عقیدۃ التوحید والرسالۃ

نام مؤلف : مولانا محمد یوسف کیلانی خوشنویس ـــ صفحات ۱۴۸ ـــ قیمت : وقف فی سبیل اللہ
ملنے کا پتہ : حدیث پبلیکیشنز حضرت کیلیانوالہ براستہ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ، پوسٹ کوڈ نمبر ۵۲۰۸۰

ایک مسلمان کے لیے بحیثیتِ مسلمان یہ بات از حد ضروری ہے کہ توحید اور رسالت کے بارے میں اس کا عقیدہ صاف اور صحیح ہو۔ قرآنِ حکیم میں پوری شرح اور تفصیل کے ساتھ اس کی وضاحت کی گئی ہے، اسلئے کہ نزولِ قرآن کے وقت جو کفار اور مشرکین موجود تھے ان کے عقائد توحید اور رسالت کے بارے میں کُلی طور سے باطل اور فاسد تھے چنانچہ قرآنِ کریم نے مختلف پیرایوں سے ان کے سامنے صحیح عقائد کی تصویر کشی کی۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں مؤلف علام نے انتہائی محنت وجانفشانی سے آسان ترین الفاظ میں ان آیات کی توضیح فرمائی ہے جن کا تعلق توحید و رسالت سے ہے، اور جامع انداز میں ان پر بحث کی ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ مؤلف کے ہاتھ سے اعتدال کا دامن کہیں بھی نہیں چھوٹا۔ البتہ اگر آیات کی تشریح وتفسیر میں صرف ایک تفسیر پر اکتفاء کرنے کی بجائے مختلف تفاسیر کا حوالہ دیتے تو یہ بات اور بھی موزوں ہوتی۔

مؤلف موصوف نے کسرِ نفسی سے کام لیتے ہوئے کتاب پر اپنا نام نہیں لکھا ہے اور کتاب کی قیمت بھی مقرر نہیں کی، البتہ جو حضرات اس کے متمنی ہیں وہ درج بالا پتہ پر ۔/۵ روپے کا ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت طلب کرسکتے ہیں۔ (م ۔ ا ۔ ف)

## حسنِ رحمت (نعتیہ کلام)

تالیف : جناب پروفیسر منظور علی شیخ ـــ صفحات ۹۶ ـــ قیمت، درج نہیں
ملنے کا پتہ : علمی کتب خانہ اردو بازار لاہور ۲

چمنستانِ مدحت رسولؐ ایک ایسا پُر بہا گلشن ہے جس کا حسن وجمال اور تازگی وشگفتگی بادِ خزاں سے آزاد اور قیدِ پژمردگی سے مُبرّا ہے اور اسکی کیف آور مہک اور عطر بیز جھونکے مشامِ روح وجاں کو معطر ومعنبر رکھتے ہیں اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

تقریباً ہر دور میں شعراءِ کرام نے منقبتِ حضورؐ پر وجد آگیں اور بہار آفریں نعتیں لکھیں لیکن فی الوقت اردو شعراء نے جسطرح فنِ نعت کے دامن کو عقیدت ومحبت کے پھولوں سے بھر دیا ہے وہ بات اب دوسری زبانوں میں خال خال نظر آتی ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب جناب پروفیسر منظور علی شیخ کی حضرت رسالتمآبؐ کے ساتھ قلبی محبت و وارفتگی سے مملو واردات واحساسات کا مجموعہ ہے جس کے بارے میں جناب حفیظ تائب نے بجا فرمایا ہے کہ "پروفیسر منظور علی شیخ کی نعت عرفان وآگہی کی عمدہ مثال ہے جو الوہیت، رسالت اور بشریت کی حدود کو گڈمڈ کرنے کی بجائے ان کے رشتوں پر غور کرنے کی دعوت دیتی ہے"۔

ہمیں اُمید ہے کہ یہ مجموعہ نعت بہت جلد عشقِ رسولؐ سے بھر پور سینوں سے دادِ تحسین وصول کرے گا اور اس کا شمار اردو کے شہرت یافتہ مجموعہ ہائے نعت میں ہو جائے گا ـــ کتاب کی طباعت وکتابت انتہائی عمدہ، نفیس اور دیدہ زیب ہے۔ (م ۔ ا ۔ ف)



© rasailojaraid.com